ورما پکچرز کا

[illegible]

اداکاران

راجکور . مالا سنہا . مبارک

لیلا چٹنس . بیگم جبین

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری جج کندن لال کو اگر کسی سے نفرت تھی تو وہ تھا اُس کا باپ جو ایک شرابی آوارہ اور قاتل تھا۔ اپنے باپ کی آخری یاد کو جو ایک تصویر تھی جلا کر یہ سمجھا کہ اُس نے اپنے خاندان کے دامن سے اس داغ کو ہمیشہ کیلئے مٹا دیا۔ آگے پردہ پر دیکھئے۔

گانے

گانا نمبر ۱

میں نشے میں ہوں کے

زاہد شراب پینے دے مسجد میں بیٹھکر
یا وہ جگہ بتا دے جہاں پر خدا نہ ہو
مجھکو یارو معاف کرنا میں نشے میں ہوں
اب تو ممکن ہے بہکنا میں نشے میں ہوں ـــــ مجھکو یارو ـــــ
کل کی یادیں مٹ رہی ہیں درد بھی ہے کم
اب ذرا آرام سے آ جا رہا ہے دم
کم ہے اب دِل کا تڑپنا میں نشے میں ہوں
اب تو ممکن ہے بہکنا میں نشے میں ہوں ـــــ مجھکو یارو ـــــ
ڈھل چکی ہے رات کب کی اُٹھ گئی محفل
میں کہاں جاؤں نہیں کوئی میری منزل
دو قدم مشکل ہے چلنا میں نشے میں ہوں ـــــ مجھکو یارو ـــــ
ہے ذرا سی بات اور چھلکے ہیں کچھ پیالے
پر نہ جانے کیا کہیں گے یہ جہاں والے
تم بس اتنا یاد رکھنا میں نشے میں ہوں

اب تو ممکن ہے بہکنا میں نشے میں ہوں ــ مجھ کو یاد دے

گانا نمبر ۲

ہم ہیں تو چاند اور تارے، جہاں کے یہ رنگین نظارے
ہائے رے ہائے او دُنیا، ہم تیری نظریں اُتارے
آ۔آ۔آ۔۔۔۔

جیون کے یہ لمبے رستے، کاٹیں گے گاتے ہنستے
مل جائیگی ہم کو منزل، ایک روز تو چلتے چلتے
ارمان جوان ہیں ہمارے، چھونے کو چلے ہیں ستارے
ہائے رے ہائے او دُنیا والے، ہم تیری نظریں اُتارے
ہم ہیں تو چاند ــــ

ایک جوش ہے اپنے دل میں، گھبرائیں نہ ہم مشکل میں
سیکھا ہے نہیں رکنا، بڑھتے ہی چلے محفل میں
کرتے ہیں گگن سے اشارے، بجلی پہ قدم ہیں ہمارے
ہائے رے ہائے او دُنیا۔ ہم تیری نظریں اُتارے
ہم ہیں تو چاند ــــ

راہوں میں کوئی جو آئے۔ وہ دھول بنے رہ جائے
یہ موج ہمارے دل کی، اب جانے کہاں لے جائے
ہم پیار کے راج دُلارے۔ اور حسن کے دل کے سہارے
ہائے رے ہائے او دُنیا ــــ ہم ہیں تو۔۔۔۔

نمبر ۳

دونوں سے خون جدا ہوا مشکل سے جو بن۔ بابا

وہ مِل کے پھر نہ مِل سکا تقدیر کو نہ بھایا ــــ تو خون ــــ

چُپ ہے زبان لیکن چاہت یہ کہہ رہی ہے
میرے ہی خون کی ندیاں اِس دل میں بہہ رہی ہے
مَیں پیار کا ہوں بادل اور وہ ہے میرا سایہ
وہ مِل کے پھر نہ مِل سکا تقدیر کو نہ بھایا ــــ تو خون ــــ

دل کہہ رہا ہے میرا اِس کو گلے لگاؤں
سینے کی آگ کو مَیں اس پیار سے بجھاؤں
مالی کا گھر اُجڑ گیا اور پھول رنگت لایا
وہ مِل کے پھر نہ مِل سکا تقدیر کو نہ بھایا ــــ تو خون ــــ

نمبر ۲

کسی نرگسی نظروں کو دِل دیں گے ہم
کالی زُلفوں کے سائے میں دم لیں گے ہم
اے حسین تیرے ہر ستم سہیں گے ہم
آ بھی جا کہ تیری راہ میں کھڑے ہیں ہم ــــ کسی نرگسی ــــ

جب نظر ملائیگی شوخ دِلرُبا
بِن پئے ہی چھائیگا ہم پہ ایک نشہ
ہنس کے گُل کھلائیگی اِس کی ہر ادا
ہم کہیں گے جانِ من تجھ پہ ہم فدا
ــــ کسی نرگسی

ہم ضرور پائیں گے ایک نئی بہار
کم نہیں جہاں میں حُسن والے ہیں ہزار

کر رہے ہیں آج ہم جس کا انتظار
خود ہی چلی آئیگی وہ ہو کے بیقرار
کسی فرنگی ——

اس پری کے ساتھ کہیں دور جائینگے
دھڑکنوں کی لے پہ ہم گیت گائیں گے
جلنے والے دیکھ کے جل ہی جائیں گے
ہم نہیں کسی سے کم یہ دکھائیں گے
کسی فرنگی ——

نغمہ

نظر نظر سے ہو رہی ہے بات پیار کی
مچل مچل رہی ہے رات یہ بہار کی
گھڑی نہیں صبر کی انتظار کی —— مچل مچل رہی ——
بہکے چلے بہکے چلے دل کے یہ ارمان
ادھر بھی ہے ادھر بھی ہیں ایک سے طوفان
یہ رات پیار کی دلوں کے ہار کی
یہ رات پیار کی دلوں کے ہار کی —— نظر نظر سے ——
ہولے ہولے دھیرے دھیرے کھلنے لگے دل
ہچک اٹھی جھجک اٹھی اب کیا ہے مشکل
یہ رات پیار کی دلوں کے ہار کی
یہ رات پیار کی دلوں کے ہار کی —— نظر نظر سے ——
جانے کہاں رک کے یہاں سارے راستے

ہم بھی آئے دِل بھی لائے تیرے واسطے
یہ رات پیار کی دِلوں کے ہار کی — نظر نظر سے —

نمبر ۶

مَیں نے تو نہیں پی، مَیں ساقی ہی نہیں
پینے کو تُو نے پی۔ کیوں نشہ مجھے آیا — مَیں نے تو —
دیکھ کر سپنوں کی جھلکی، بھلا بیٹھے ہیں باتیں کل کی
ہمیں سے اب کترائے ہو، بڑے بھیے بنتے ہو جی
تمہاری جو کہانی ہے، ہماری بھی کہانی ہے
یہ کیسی بے زبانی ہے، نہ بولے کچھ بھی
مَیں نے تو نہیں پی —
سنبھالو مَیں گِر جاؤنگی، کلی نازک مُرجھاؤں گی
نہ ایسی حیرت سے دیکھو، تمہیں مَیں سب سمجھاؤں گی
میٹھا سا جو خمار ہے اسی کا نام پیار ہے
اسی سے بیقرار ہے ہمارا دِل بھی — مَیں تو نہیں پی —

نمبر ۷

آ۔آ۔آ۔آ

سجن سنگ کاہے نیناں لگائے
کہ ہم پچھتائے اور جہاں مسکرائے — سجن سنگ —
نس دن ستائے ستیاں مجھکو جلائے ستیاں
بیری موتیلیا کو گروا لگائے ستیاں
روجی ہو دُکھڑا نہ جانے رستیا چھلیا ہو — سجن سنگ —

نٹ کھٹ رنگیلا ایسا، لاگے کہنیا جیسا
نینوں سے اپنا کرلے من کو۔ چھائے ایسا
اجی ہو کتنا منایا۔ کتنا منایا نہ مانا بلمبہ بلتبہ ہو
سیمن منگ لاگے ——

نغمہ

غیر کی گلی میں پیا تو نے میرا نام لیا
مجھے بدنام کیا ہائے، ہائے، ہائے
غیر کی گلی میں ——

سبھی چاہتے ہیں مجھ سے پہچان کرلیں
جو مشکل ہیں پہلے سے ہی آسان کرلیں، بلا لائیگا
غیر کی گلی ——

کوئی کہہ رہا ہے تم ہو بہاروں کی دنیا
کہیں لوٹ لے نہ مجھکو اشاروں کی دنیا۔ بلا لائیگا
غیر کی گلی ——

زمانے کی آنکھیں دیکھو مجھ پہ ٹکی ہیں
کوئی انکو روکے اب یہ بہکنے لگی ہیں، بلا لائیگا
غیر کی گلی ——
مجھے بدنام کیا ——

(ختم شد)

عملیات تعویذات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	کامروپ کا جادو	-/12/-
عملیات تسخیر عالم	3/-/-	رہنمائے جادوگری	-/4/-
عملیات قلوب	2/-/-	جادو مسمریزم	2/-/-
عملیات لستی کرن	2/-/-	کالا جادو	4/-/-
اندرجال	1/4/-	کوآ منتر	4/-/-
استاد جادوگراں	3/8/-	نقش سلیمانی	1/-/-
مکمل جادوگری	2/4/-	تعویذ سلیمانی	1/-/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-	نقش رومانی	-/12/-

مشہور و معروف تھیٹریکل ڈرامے

باوفا قاتل	1/4/-	ویر ابھیمنیو	1/8/-
محبت کا پھول	1/4/-	شرون کمار	1/-/-
جلاد عاشق	1/4/-	شاہی لکڑہارا	1/-/-
لیلیٰ مجنوں	1/-/-	مہارانا پرتاپ	1/4/-
سلطانہ ڈاکو	-/12/-	یہودی کی لڑکی	1/4/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(الہ آباد پریس دہلی)